ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن

کلاس 1 کے لئے



کہانی: قمر احمد علی خان

تصویریں : ثمینہ

ٹیچر کیلئے تیاری

- یہ کتاب پہلی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے، تاہم اسے مختلف اسکولوں کے طلباء کی ضروریات اور معیار کے مطابق دوسری جماعتوں میں بھی پڑھایا جا سکتا ہے۔
پڑھانے کے مواد کی پیریڈ کے مطابق تقسیم بھی صرف اساتذہ کی سہولت کے لئے کی گئی ہے۔ ہمارا یہ مشورہ ہے کہ اساتذہ بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس گائیڈ کو استعمال کریں۔ بچوں کی دلچسپی کے مطابق اس کی مشقوں میں ترمیم اور اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

سیشن 1

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کی ایک گاڑی گھر سے لے کر آئیں اور اس کے متعلق جماعت میں بات چیت کریں۔ مثلاً گاڑی کا رنگ، اس کے مختلف حصے، چار پہیے (گنتی)، استعمال، چلانے والا وغیرہ وغیرہ۔ بعد ازاں کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھیئے تاکہ بچوں کی مکمل توجہ حاصل کرنے میں کامیابی ہو۔

گھر کا کام

- اپنی پسندیدہ گاڑی کی تصویر بنائیے اور اس میں رنگ بھریئے۔

سیشن 2

- بچوں کو مندرجہ ذیل الفاظ سے بذریعہ فلیش کارڈ flash card مانوس کریں۔

ایک	ابو	گاڑی	بنائی	کہا	
یوں	میں	کامل	طرف	دونوں	لڑے

- بچوں سے یہ الفاظ ایک ساتھ اور پھر علیحدہ علیحدہ پڑھوائیں خصوصاً کمزور بچوں سے تاکہ ان کی ہمت افزائی ہو۔
بچوں کے دو گروپ بنائیں۔ ایک گروپ بورڈ پر دیئے ہوئے الفاظ کو توڑے اور دوسرا گروپ ان الفاظ کو گھر کے کام کی کوپی میں اتارے اور گھر پر ان الفاظ کو توڑے۔ پھر دوسرا گروپ تختہ سیاہ پر الفاظ توڑے اور پہلا گروپ گھر کا کام اتارے۔ ''گروپ ورک'' میں بچے کام زیادہ بہتر طور پر انجام دیتے ہیں۔

سیشن 3

- مندرجہ ذیل الفاظ پہلے بچوں سے تختہ سیاہ پر جڑوائیں اور پھر وہی کام کوپیوں میں کروائیں۔

ا + ے + ک =
اِ + ب + ب + و =
گ + ا + ڑ + ی =
ب + ن + ا + ء + ی =
ک + ہ + ا =
ی + و + ں =

م + ے + ں =

گ + ا + م + ل =

ط + ر + ف =

د + و + ن + و + ں =

جب بچے لکھائی کے کام میں مصروف ہوں تو بچوں پر انفرادی توجہ دیں خاص طور پر کمزور بچوں پر تاکہ وہ جماعت کے معیار پر پہنچنے کے قابل ہوسکیں۔

گھر کا کام

- اوپر دیئے گئے الفاظ گھر جا کر املا کے لئے یاد کریں۔

سیشن 4

- بچوں کو املا کروائیں۔ اس کے بعد مختلف سواریوں کے بارے میں گفتگو کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اسکول لائبریری سے ایسی کتابیں لیں جس میں مختلف سواریوں کی تصاویر ہوں۔

گھر کا کام

- دو اور تین پہیوں والی سواریوں کی تصاویر بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔

سیشن 5

- گاڑی پر ایک نظم لکھیں جو بچے کلاس میں یاد کریں۔

میری گاڑی

میری گاڑی پیاری پیاری
نیلی نیلی سبز گلابی
بتیاں اس کی روشن ایسی
ٹم ٹم ٹم ٹم تارے جیسی
پیتی ہے یہ پیٹرول ایسے
شربت ہو کوئی جیسے
بھوپوں اس کا بولتا جائے
سب کو پیچھے چھوڑتا جائے
سیٹیں اس کی نرم کشادہ
چلنے میں اک شور شرابا

چلتی یہ رہتی ہے ایسے
تیز گام کی بہن ہو جیسے
سیر کو ابو روز لے جائیں
دیر سے واپس گھر کو آئیں

گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے غیر ضروری اور بیکار چیزیں recycling material جمع کر کے لائیں۔ مثلاً بسکٹ، جیلی اور ماچس وغیرہ کے خالی ڈبے۔ استعمال شدہ ماچس کی تیلیاں، ٹوائلٹ رول یا گتے کا بیلن وغیرہ۔

سیشن 6

- بچوں کو مندرجہ ذیل الفاظ سے بذریعہ فلیش کارڈ مانوس کرائیں۔ اس کے بعد بچے یہ الفاظ بلیک بورڈ پر توڑیں اور پھر کوپی میں جوڑیں۔

اپنی امی لگا بس کرو بند الماری جھولے

گھر کا کام

- ہر لفظ تین تین بار گھر پر لکھیں۔ دو مرتبہ دیکھ کر اور ایک مرتبہ بغیر دیکھے۔ اس طرح املا کی تیاری ہو جائے گی۔

سیشن 7

- الفاظ کا املا کروائیں۔ اس کے بعد بچوں سے مندرجہ ذیل سوال کے جواب زبانی پوچھیں اور پھر کوپی میں جواب لکھوائیں۔
- ابو نے کیا بنایا؟
- مراد اور کامل کیوں لڑ رہے تھے؟

گھر کا کام

- ابو نے گاڑی کہاں بند کی؟ الماری کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

سیشن 8

- گاڑی بنانے کے پروجیکٹ پر کام ہوگا۔ گاڑی بنانے کا سامان پہلے سے جمع کیا جاچکا ہے۔ اس کے علاوہ مارکرز

(markers) رنگین کاغذ، گوند، قینچیاں وغیرہ جمع کریں۔ پہلے بچے گاڑی کے مختلف حصے بنائیں گے۔ مثلاً کھڑکیاں، دروازے، پہیے وغیرہ۔

گھر کا کام

- کہانی ''گاڑی'' اچھی طرح پڑھیں۔

سیشن 9

- آج مختلف حصوں کو یکجا کر کے گاڑی بنائیں۔ پھر مختلف جماعتوں کے بچوں کو مدعو کریں کہ وہ آ کر آپ کا کلاس پروجیکٹ دیکھیں۔

گھر کا کام

- چند جملے اپنی گاڑی کے بارے میں لکھیں۔

گاڑی

ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale